© rasailojaraid.com



# حاصلِ مطالعہ

ماہنامہ 'رُشد' میں قارئین کی دلچسپی اور ذہنی نشاط کیلئے علمی کوئیز کا اہتمام کیا جاتا ہے' صحیح جوابات کی وصولی پر معقول انعامات دئیے جاتے ہیں۔ اس مقابلہ میں رُشد کے تمام قارئین حصہ لے سکتے ہیں۔

① ''دینی مدارس میں امتیاز کی بنیاد قبیلہ و خاندان نہیں، بلکہ علم وفضل ہے۔'' کس کا قول ہے؟
② کس اقدام سے الیکٹرانک میڈیا طلبہ کو اپیل کرے گا؟
③ الشیخ صالح فوزان ﷾ کی کتاب کا کیا نام ہے، اور یہ کس موضوع پر ہے؟
④ کون اپنے بیٹے کو دریا برد کرنے پر امادہ ہو گیا تھا؟
⑤ مصاحفِ عثمانیہ کو قراءات کی اصل قرار دینے سے کیا خرابی لازم آتی ہے؟
⑥ پوری دُنیا میں کتنے فیصد اخبارات یہود شائع کرتے ہیں؟
⑦ کسی شہر یا معاشرے میں بسنے والے لوگ کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
⑧ مسیحیوں اور یہودیوں کا نصب العین کیا تھا؟
⑨ قرآنِ کریم کے انوار و فیوض اور فوائد و خزائن کب حاصل ہوتے ہیں؟
⑩ کتاب 'فتح الخبیر' کی تالیف کے وقت مصنف کے پیشِ نظر کیا تھا؟

## ملحوظات

① تمام سوالات 'رُشد' کی تحریروں سے ماخوذ ہیں، جواب میں مضمون کا حوالہ مع مصنف ضرور ذکر کریں۔
② صحیح جوابات زیادہ وصول ہونے پر، انعامات کی تقسیم، بذریعہ قرعہ اندازی ہوگی۔
③ پہلا انعام: ۲۵۰، دوسرا انعام: ۱۵۰ جبکہ تیسرا انعام ۱۰۰ روپے ہوگا۔ ان شاء اللہ!
④ جوابات کی وصولی کی آخری تاریخ ۳۱ دسمبر ہے۔

(حافظ سمیع اللہ، رابعہ کالیہ الشریعہ، انچارج کوئیز پروگرام)



© rasailojaraid.com